دعائے مشائخ در شبِ برأت

یادگارِ اسلاف شیخ المشائخ مرجع العلمآ والصلحاء قدوۃ الزاھدین امام العارفین عاشق رسول فنا فی اللہ حضرت اقدس سیّد نفیس شاہ الحسینی رحمہُ اللہ

کے معمولات میں سے اسلاف سے منسوب ایک دُعا جو شب برات کے حوالے سے بہت مفید ہے اور ہمارے اکابر کے معمولات میں سے ہے اسے امتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عمومی نفع کے لئے شائع کیا جا رہا ہے

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سے فائدہ اٹھانے کا موقع عطا فرمائے اور تمام عوام و خواص کے حق میں اس کو قبول فرمائے آمین

قارئین کرام سے درخواست ہے کہ ہمارے پیرومرشد حضرت سید الشاہ نفیس الحسینی نور اللہ مرقدہ، راقم الحروف، اس کے والدین، اعزہ و اقارب اور تمام متعلقین کو دعاؤں میں یاد رکھیں ۔ صاحبزادہ عزیز الرحمن رحمانی

حاشر پبلشرز بنوری آرکیڈ، 5-M علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

فون - 4860241-242

اَللّٰهُمَّ يَاذَا الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْكَ يَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
يَاذَا الطَّوْلِ وَالْاِنْعَامِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ظَهْرَ اللَّاجِئِيْنَ
وَجَارَ الْمُسْتَجِيْرِيْنَ وَاَمَانَ الْخَائِفِيْنَ - اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ
كَتَبْتَنِىْ عِنْدَكَ فِىْ اُمِّ الْكِتَابِ شَقِيًّا اَوْ مَحْرُوْمًا
اَوْ مَطْرُوْدًا اَوْ مُقَتَّرًا عَلَيَّ فِى الرِّزْقِ فَامْحُ ـ

اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ شَقَاوَتِىْ وَحِرْمَانِىْ وَطَرْدِىْ
وَاقْتَارَ رِزْقِىْ وَاَثْبِتْنِىْ عِنْدَكَ فِىْ اُمِّ الْكِتَابِ سَعِيْدًا
مَرْزُوْقًا مُّوَفَّقًا لِّلْخَيْرَاتِ فَاِنَّكَ قُلْتَ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ
فِىْ كِتَابِكَ الْمُنَزَّلِ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ
يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ
اِلٰهِىْ بِالتَّجَلِّى الْاَعْظَمِ فِىْ لَيْلَةِ النِّصْفِ مِنْ
شَعْبَانَ الْمُكَرَّمِ الَّتِىْ يُفْرَقُ فِيْهَا كُلُّ اَمْرٍ
حَكِيْمٍ وَّيُبْرَمُ اَنْ تَكْشِفَ عَنَّا مِنَ الْبَلَاءِ
مَا نَعْلَمُ وَمَا لَا نَعْلَمُ وَمَآ اَنْتَ بِهٖ اَعْلَمُ
اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

www.eiqra.info

ترجمہ

اے اللہ! اے احسان فرمانے والے! تجھ پر احسان نہیں کیا جاتا۔ اے عزت اور بزرگی والے! اے قدرت اور انعام والے! تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو پناہ لینے والوں اور امان طلب کرنے والوں اور ڈرے ہوؤں کی پناہ ہے۔ اے اللہ! اگر تو نے اپنی کتابِ تقدیر میں میرا بد بخت ہونا یا نامراد یا مردود ہونا یا میرے رزق کا تنگ ہونا لکھا ہے تو اے اللہ! اپنے فضل سے میری بد بختی اور میری محرومی اور میری نامرادی اور میرے رزق کی تنگی کے فیصلے کو مٹا دے اور اپنی کتاب میں میرے لیے نیک بخت ہونے، کشادہ رزق پانے اور نیکیوں کی توفیق پانے کا فیصلہ لکھ دے۔ کیوں کہ تو نے اپنے بھیجے ہوئے نبی پر نازل کردہ کتاب میں فرمایا ہے اور تو سچ ہی فرماتا ہے کہ اللہ جو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جو چاہتا ہے لکھ دیتا ہے اور اسی کے پاس کتابِ تقدیر ہے۔ اے اللہ! تجھ سے اس تجلی کے واسطے سے (سوال کرتا ہوں) جو شعبان کی پندرھویں رات میں (جس میں ہر حکمت والے معاملے کا فیصلہ کیا جاتا ہے) نازل ہوتی ہے کہ تو ہم سے ہر مصیبت ٹال دے جو ہم جانتے ہیں اور جو ہم نہیں جانتے اور جس کو تو زیادہ جانتا ہے۔ بے شک تو ہی عزت و بزرگی والا ہے اور درود و سلام ہو ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اور اصحاب پر۔

بزرگوں سے ثابت ہے کہ وہ شب براءت کو نمازِ مغرب کے بعد سورۂ یٰسین تین بار پڑھتے ہیں، اوّل بار عمر دارزی کی نیت سے، دوسری بار بلاؤں کے دفع کرنے کے واسطے، تیسری بار خدا کے سوا کسی اور کا محتاج نہ ہونے کے لیے۔ اور ہر بار سورۂ یٰسین کے بعد ذیل کی دعا ایک بار پڑھتے ہیں۔ اس دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ اُن کی حاجت روائی فرماتا ہے۔ اور سال بھر تک تمام مصیبتوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ مجھ کو مشائخ سے یہ دعا پہنچی ہے۔ میں تمام مسلمانوں کو جو اس کے پڑھنے کے خواہش مند ہوں، اجازت دیتا ہوں۔

احقر نفیس الحسینی

Brought To You By: www.e-iqra.info